Bal E Jibreel With Explanation Pdf Download

زمانہ

معنی: حرف محرمانہ: نکتہ ' رمز ' پتے کی بات۔ **مقامر:** جوا کھیلنے والا۔

① اس نظم کا مرکزی کردار زمانہ ہے۔ علامہ اقبال نے عہد کے حوالے سے جو کچھ کہنا چاہا ہے وہ اسی کی زبان سے کہلوایا ہے۔ دس اشعار پر مشتمل اس نظم کے اولین شعر میں بقول اقبال زمانہ یوں گویا ہوتا ہے کہ کائنات میں بے شمار اشیاء جو کبھی موجود تھیں نظام قدرت کے تحت اب ناپید ہو چکی ہیں۔ اور وہ اشیاء بھی ناپید ہو جائیں گی جو آج موجود ہیں۔ غرض فنا ہر شے کا مقدر ہے اور امر واقعہ یہ ہے کہ یہی معرفت کا نکتہ ہے۔ پھر یوں بھی ہے کہ جو عہد آئندہ میں ظہور پذیر ہو گا تو میں اسی کا منتظر رہتا ہوں۔

② میں (زمانہ) تو ایک ایسے خزینے کے مانند ہوں جس میں ہزاروں بھید اور واقعات محفوظ ہیں اور جب حسب حالات یہ واقعات ایک ایک کر کے برآمد ہو کر منظر عام پر آتے ہیں تو ان کو شمار کر کے اپنے ذہن میں محفوظ رکھتا ہوں۔

③ میرا عام طرز عمل یہ ہے کہ دنیا میں موجود ہر فرد سے واقف ہونے کے باوجود ان کے ساتھ میری رسم و راہ کے انداز بالکل الگ الگ ہیں۔ کسی کو اپنا طابع بنا لیتا ہوں اور جو باصلاحیت اور صاحب اختیار ہیں۔ ان کا مطیع ہو جاتا ہوں اور کسی کے لئے عبرت کا تازیانہ بن جاتا ہوں۔ مراد یہ ہے کہ میں ہر فرد کے ساتھ اس کی صلاحیت کے مطابق زندہ برآمد ہوتا ہوں۔

④ میں تو ہر لمحے داد و دہش کے مراحل سے گزرتا رہتا ہوں۔ اگر کوئی شخص میری فیاضی سے استفادہ نہیں کرتا تو اس کے لئے قصوروار وہ ہے میں نہیں! یوں سمجھنا چاہئے کہ وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا اور جو لوگ موقعہ سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ وہ نااہل بھی ہیں اور اپنی مراد کے حصول سے بھی محروم رہتے ہیں۔

⑤ علم نجوم کا ماہر میری حقیقت سے کس طرح آشنا ہو سکتا ہے جب کہ اس کا کام تو ہر لمحے ستاروں کی گردش کی مدد سے لوگوں کو قسمت کا حال بتانے کے چکر میں مبتلا رکھنا ہوتا ہے۔ کہ یہ طرز عمل میری شناخت کا معیار نہیں ہو سکتا۔ جان لو کہ جس شخص کو معرفت کا مقام حاصل نہ ہو وہ منزل مراد تک نہیں پہنچ سکتا۔

⑥ اور یہ مغرب یعنی یورپ کے افق پر جو شفق کی سرخی نمایاں ہے تو فی الواقعہ یہ شفق کی سرخی نہیں بلکہ ان لوگوں کے خون کی سرخی ہے۔ مغرب نے جن کا استحصال کیا۔ لہٰذا اے مرد خدا! یہ امر ناگزیر ہے کہ حالات کا جائزہ آنے والے عہد کے پیش منظر سے لیا جائے۔

⑦ یورپ کے سائنسدان اور خطرناک ہتھیاروں کے موجد یکجا ہو کر انسانی فطرت کے خلاف نبرد آزما ہیں۔ بے شک یہ لوگ اپنی تباہ کن ایجادات پر فخر کریں لیکن امر واقعہ یہ ہے کہ آج یہ ایجاد ان کے اپنے لئے ہی تباہی کا سبب بن رہی ہیں۔ ہر چند کہ انہوں نے عالمی امن کو بھی خطرے میں ڈال دیا ہے۔ اس کے باوجود ان ایجادات کے باعث یورپ کو جنگ اور اس کے خوف کے علاوہ کچھ اور نہیں مل سکا۔ حد تو یہ ہے کہ ان خطرناک ایجادات پر جو بے دریغ اخراجات ہوئے ہیں انہوں نے یورپ کے کم و بیش تمام ممالک کو اقتصادی طور پر شدید قسم کے بحرانوں سے دوچار کر دیا ہے۔

⑧ اس شعر میں بھی اقبال نے پچھلے شعر کے حوالے سے اپنی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا ہے کہ بے شک یورپی طاقتیں آج اپنے جہازوں' سیاروں اور دوسرے ذرائع سے خشکی' سمندر اور تمام فضاؤں پر چھائے ہوئے ہیں۔ اس کے باوجود قدرت نے انہیں ایسے گرداب کا شکار بنا دیا ہے جو ان کے لئے ہولناک تباہی کا سبب بن سکتا ہے۔ یہ ہولناک ایجادیں بھی ان کی ان کی بربادی کا سامان بن رہی ہیں۔

⑨ ہر چند کہ یہ ہولناک ایجادات کا دور ہے جسے عالمی سطح پر عروج و ترقی کا نام دیا جا رہا ہے لیکن ذرا گہرائی سے دیکھا جائے تو یہ عروج و ارتقاء منفی حیثیت کے حامل ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس عہد کا انحطاط و تنزل زیادہ دور نہیں ہے جس کے رد عمل کے طور پر یہ امر قدرتی ہے کہ ایک نیا نظام وجود میں آئے گا اور ہر طرح کی برائیوں اور تباہ کاریوں کے خلاف نبرد آزما ہو سکے گا۔ مراد یہ ہے کہ اہل یورپ نے جس طرح عالمی امن تباہ کرنے کے منصوبے بنا رکھے ہیں یہ منصوبے انہیں خود ہی لے ڈوبیں گے اور اس کے بعد ایک نیا نظام وجود میں آنا قدرتی امر ہے ایسا نظام جو عالمی سطح پر امن و سکون اور خوشحالی سے بہرہ ور کر سکے۔

⑩ اقبال نظم کو تمام کرتے ہوئے اس شعر میں فرماتے ہیں۔

ہر چند کہ حالات ناسازگار ہیں مخالفت کی تند و تیز آندھی پورے زور و شور کے ساتھ ماحول کو زیر و زبر کر رہی ہے تاہم میں نے اس کی پروا کئے بغیر اپنی فکر اور حکمت و دانش کا چراغ جلا رکھا ہے اس لئے کہ رب ذوالجلال نے مجھے وہ صلاحیت اور قوت بخشی ہوئی ہے کہ ہر طرح کی برائیوں اور نامساعد حالات کا مقابلہ کر سکوں۔

DOWNLOAD: https://tinurli.com/298om1

a9c2e16639

Related links:

x force x32 exe Vault Professional 2016 key
MyFFmpeg 3.1.2 Setup Serial - [SH]
pt nude porn pics
Unduh Aplikasi Gratis Android Di Youtube Buku Baca
download 5 Ghantey Mien 5 Crore the movie for free
Bhugol Aur Aap Pdf Download
Bittoo Boss Movie Free Download Hindi Movie easydivx 1.9.37 lect
Micro XP Pro 0.95 Download
Aadu Oru Bheegara Jeevi Aanu Full Movie Mp4 Downloadl
Acadlp.msi Autocad 2010 17